شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30اکتوبر2023ء

پریس ریلیز

اسرائیل، امریکہ اور بھارت کا ابلیسی اتحادِ ثلاثہ

عالمِ اسلام کا اصل دشمن ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): اسرائیل، امریکہ اور بھارت کا ابلیسی اتحادِ ثلاثہ عالمِ اسلام کا اصل دشمن ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق ناجائز اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ بمباری سے آٹھ ہزار کے زائد فلسطینی مسلمان شہید ہو چکے ہیں۔ جس بڑے پیمانے پر غزہ میں اسرائیلی بمباری کی جا رہی ہے خدشہ یہ ہے کہ شہداء کی حقیقی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوگی۔ شہداء میں کثیر تعداد عورتوں، بوڑھوں اور بچوں کی ہے۔ مغربی کنارے میں بھی قابض صیہونی فوج اور آبادکاروں نے سینکڑوں فلسطینی مسلمانوں کو شہید کر دیا ہے۔ اب یہ حقیقت کھل کا سامنے آ چکی ہے کہ فلسطینی مسلمانوں کی اس نسل کشی میں بھارت، مغربی یورپ اور امریکہ اسرائیل کی ہر طریقے سے مکمل پشت پناہی کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ہفتہ کے روز اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جب غزہ میں جنگ بندی کی قرار داد پیش کی گئی تو اقوامِ عالم کی عظیم اکثریت نے اس قرار داد کے حق میں ووٹ دیا۔ لیکن امریکہ اور بھارت اُن چند ممالک میں شامل تھے جنہوں نے قرارداد کی مخالفت میں ووٹ دے کر ثابت کر دیا کہ وہ چاہتے ہیں کہ فلسطینی مسلمانوں کے خلاف اسرائیلی قتل و غارت گری جاری رہے۔ اُنہوں نے اقوامِ متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم کی اس موقع پر تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ موصوف نے پچیس کروڑ پاکستانیوں کی سوچ کو بڑے احسن انداز میں الفاظ کا جامہ پہنایا۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیل پون صدی سے جنگی جرائم کا مرتکب ہو رہا ہے اور امریکہ اور بھارت جیسے دہشت گرد ممالک اُس کی مکمل پشت پناہی کر رہے ہیں۔ موصوف نے بالکل درست کہا کہ ”اصل گناہ“ تو فلسطینی مسلمانوں کی سر زمین پر ناجائز اسرائیل کا قبضہ یعنی صیہونی ریاست کا قیام ہے۔ امیر تنظیم نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اب حکومتِ پاکستان کو چاہیے کہ مذمتی بیانات پر اکتفاء کرنے کی بجائے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف او آئی سی کو متحرک کرنے میں اپنا کردار ادا کرے تاکہ فلسطینی مسلمانوں کے قتل عام کی مذمت کرنے والے دیگر ممالک کے ساتھ مل کر اسرائیلی جارحیت کے خلاف عملی اقدامات کیے جاسکیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 30 October 2023

"The satanic triumvirate of Israel, America and India is the true enemy of the Islamic world."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The satanic triumvirate of Israel, America and India is the true enemy of the Islamic world."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that according to the figures presented by the media, over eight thousand Palestinians have been martyred as a result of merciless bombing on Gaza by illegitimate Israel. Judging from the scale of Israeli carpet-bombing being carried out in Gaza, the actual number of martyrs may very well be a lot more. A sizeable percentage of those martyred comprises women, children and the elderly. Zionist occupation forces and illegal zionist settlers have also martyred hundreds of Palestinian Muslims in the West Bank. At this point, it is undoubtedly evident that India, western Europe and the US are unequivocally backing Israel in this genocide of Palestinian Muslims. He reminded that when, on Saturday, a resolution proposing ceasefire in Gaza was presented in the General Assembly of the United Nations Organization, an overwhelming majority of the international community voted in favor of the resolution. Meanwhile, India and the US were part of a small group of nations who voted against the proposition, proving that they wish for the Israeli massacre of Palestinian Muslims to continue unabated. While commenting on the speech delivered by the Permanent Representative of Pakistan to the United Nations, Munir Akram, he said that the speaker impeccably worded the emotions of 250 million Pakistanis. The fact of the matter is that Israel has been relentlessly committing blatant war crimes for the past 75 years, and terrorist states such as India and the US are fully supporting it. The speaker was correct in saying that the "original sin" is the annexation of land belonging to the Palestinian Muslims by illegitimate Israel, and thus, the creation of a Zionist state. The Ameer of Tanzeem e Islami emphasized that going beyond statements of condemnation, the Government of Pakistan should play its due role in activating the OIC against the Israeli aggression in Gaza, so that practical measures can finally be taken against Israeli oppression in alliance with other nations that also condemn the massacre of Palestinian Muslims.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan